5013CH14

# 14 شماریات (STATISTICS)

## 14.1 تعارف

نویں کلاس میں آپ نے اعداد شمار کی غیر مرتب تعددی بٹاؤ میں درجہ بندی کرنا سیکھا آپ نے اعداد و شمار کا مختلف گراف جیسے ہسٹو گرام (جس میں متغیر چوڑائی والے بھی شامل بار گراف تعدد کثیر ضلعی کا تصویری اظہار بھی سیکھا بلکہ آپ ایک قدم آگے بڑھ گئے کیونکہ آپ نے غیر مرتب اعداد شمار کے عددی اظہار کا مطالعہ بھی کیا جسے مرکزی رجحان کی پیائش کہتے ہیں جیسے درمیانہ، وسطانیہ اور موڈ۔ اس باب میں ہم ان تین پیائشوں کی توسیع غیر مرتب اعداد شمار سے مرتب اعداد اور شمار تک کریں گے ہم مجموعی تعدد (cumulative frequency)، مجموعی تعدی بٹاؤ اور مجموعی تعددی منحنی جسے اوجائیو (Ogives) بھی کہتے ہیں، کو کس طرح بنایا جاتا ہے، کے تصور کا مطالعہ کریں گے۔

## 14.2 مرتب اعداد شمار کا درمیانہ

مشاہدات کا درمیانہ (یا اوسط) جیسا کہ ہم جانتے ہیں، تمام مشاہدات کے حاصل جمع کو مشاہدات کی کل تعداد سے تقسیم کرنے پر حاصل ہوتا ہے۔ یاد کیجیے آپ نے نویں کلاس میں بڑھا تھا اگر $x_1, x_2, \ldots, x_n$ مشاہدات ہیں اور $f_1, f_2, \ldots, f_n$ ان کے متعلقہ تعدد ہیں۔ اتب درمیانہ مشاہدہ $x_1$ ، $f_1$ بار $x_2$ ، $f_2$ بار واقع ہوتا ہے۔

اب مشاہدات کا حاصل جمع $= f_1 x_1 + f_2 x_2 + \ldots + f_n x_n$ اور مشاہدات کی تعداد $= f_1 + f_2 \ldots + f_n$

اس لئے دئے ہوئے اعداد و شمار کا درمیانہ ہے

$$\bar{x} = \frac{f_1x_1 + f_2x_2 + \ldots + f_nx_n}{f_1 + f_2 + \ldots + f_n}$$

یاد کیجئے ہم یونانی علامت Σ (سگما) کا استعمال کر کے اس کو مختصر شکل میں لکھ سکتے ہیں

$$\overline{x} = \frac{\sum_{i=1}^{n} f_i x_i}{\sum_{i=1}^{n} f_i}$$

جس کو مزید مختصر کرنے پر لکھا جاتا ہے۔ $\overline{x} = \frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i}$ ، یہ بات ظاہر کہ $i$، 1 سے n تک کی قدر دیتا ہے۔

آیئے اس فارمولہ کو مندرجہ ذیل مثال میں درمیانہ معلوم کرنے میں کرتے ہیں۔

**مثال 1:** ایک اسکول کی دسویں کلاس کے 30 طلباء کے ذریعے حاصل کردہ ریاضی میں 100 نمبروں میں سے حاصل کردہ نمبر مندرجہ ذیل جدول میں دیے گئے ہیں۔ طلبا کے ذریعے حاصل کئے گئے نمبروں کا درمیانہ معلوم کیجیے۔

| حاصل کردہ نمبر ($x_i$) | 10 | 20 | 36 | 40 | 50 | 56 | 60 | 70 | 72 | 80 | 88 | 92 | 95 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی تعداد ($f_i$) | 1 | 1 | 3 | 4 | 2 | 2 | 4 | 4 | 1 | 1 | 2 | 3 | 1 |

**حل:** یاد کیجیے کہ درمیانہ نمبر معلوم کرنے کے لئے ہمیں ہر ایک $x_i$ کا اس کے نظیری $f_i$ سے حاصل ضرب درکار ہے۔ آیئے پہلے اس کو کالموں میں رکھتے ہیں جیسا شکل 14.1 میں دکھایا گیا ہے۔

جدول 14.1

| حاصل کردہ نمبر $x_i$ | طلباء کی تعداد ($f_i$) | $f_i x_i$ |
|---|---|---|
| 10 | 1 | 10 |
| 20 | 1 | 20 |
| 36 | 3 | 108 |
| 40 | 4 | 160 |
| 50 | 3 | 150 |
| 56 | 2 | 112 |
| 60 | 4 | 240 |
| 70 | 4 | 280 |
| 72 | 1 | 72 |
| 80 | 1 | 80 |
| 88 | 2 | 176 |
| 92 | 3 | 276 |
| 95 | 1 | 95 |
| کل | $\Sigma f_i = 30$ | $\Sigma f_i x_i = 1779$ |

© NCERT not to be republished

اب $\overline{x} = \frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i} = \frac{1779}{30} = 59.3$

اس لئے حاصل کردہ نمبروں کا درمیانہ ہے = 59.3

روزمرّہ کی زندگی کی صورت حال میں زیادہ تر یہ ہوتا ہے کہ اعداد وشمار عام طور پر اتنے زیادہ ہوتے ہیں کہ ان کے معنی خیز مطالعہ کے لئے ان کو مرتب اعداد وشمار میں یکجا کیا جائے۔اس لئے ہمیں غیر مرتب اعداد وشمار کو مرتب اعداد وشمار میں بدلنے کی ضرورت ہے اور ایک ایسا طریقہ معلوم کریں جس سے ان کا درمیانہ معلوم کیا جا سکے۔

آیئے مثال 1 میں دیئے گئے غیر مرتب اعداد وشمار 15 کو چوڑائی والے کلاس وقفہ لے کر مرتب اعداد وشمار میں تبدیل کرتے ہیں۔ یاد کیجئے کہ ہر کلاس وقفہ کا تعدد لکھتے وقت، طلبا جو بالائی کلاس حد میں آئے۔ان کو اگلی کلاس میں شامل کرتے ہیں مثال کے طور پر 4 طلبا جنہوں نے 40 نمبر حاصل کئے ہیں ان کو کلاس وقفہ 55-40 میں شامل کریں گے۔ 40-25 میں نہیں۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے آیئے مرتب تعددی بناوٹ جدول بناتے ہیں (جدول 14.2 دیکھیے)

جدول 14.2

| کلاس وقفہ | 10 - 25 | 25-40 | 40-55 | 55-70 | 70-85 | 85-100 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی تعداد | 2 | 3 | 7 | 6 | 6 | 6 |

اب ہمیں ہر کلاس وقفہ کے لئے ایک ایسا نقطہ چاہیے جو پوری کلاس کی نمائندگی کرے۔ایسا مانا جاتا ہے ہر کلاس وقفہ کی تعداد اس کے وسطی نقطہ کے اردگرد مرکوز ہوتی ہے۔اس لئے ہر کلاس وقفہ کا وسطی نقطہ (کلاس مارک) اس کلاس میں آنے والے مشاہدات کی نمائندگی کے لئے چنا جاتا ہے۔یاد کیجئے کہ ہم کسی کلاس کا وسطی نقطہ (یا کلاس مارک) اس کی بالائی اور زیریں حد کی اوسط معلوم کرکے نکالتے ہیں: یعنی

$$\text{کلاس مارک} = \frac{\text{زیریں حد} + \text{بالائی حد}}{2}$$

جیسے جدول 14.2 میں کلاس 25-10 کے کلاس مارک $\frac{10+25}{2}$ یعنی 17.5 ہیں

اسی طرح سے ہم باقی کلاس وقفوں کے کلاس مارکس آسانی سے نکال سکتے ہیں۔ان مارکس کو ہم $x_i$'s تصور کرتے ہیں اب عمومی طور پر $i$ ویں کلاس وقفہ کے لئے تعدد $f_i$ ہے اور اس کا نظیری کلاس مارک $x_i$ ہے۔اب ہم اسی طریقہ سے درمیانہ معلوم کریں گے جیسا کہ مثال 1 میں کیا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

جدول 14.3

| کلاس وقفہ | طلبا کی تعداد $(f_i)$ | کلاس مارک $(x_i)$ | $f_i\, x_i$ |
|---|---|---|---|
| 10-25 | 2 | 17.5 | 35-0 |
| 25-40 | 3 | 32.5 | 97-5 |
| 40-55 | 7 | 47.5 | 332.5 |
| 55-70 | 6 | 62.5 | 375.5 |
| 70-05 | 6 | 77.5 | 465.0 |
| 85-100 | 6 | 92.5 | 555.0 |
| کل | $\Sigma f_i = 30$ | | $\Sigma f_i x_i = 1860.0$ |

آخری کالم میں ملاقدروں کا حل جمع ہمیں $\Sigma f_i x_i$ دیتا ہے اس لئے دئے ہوئے اعداد وشمار کا درمیانہ $\overline{x}$ ہے۔

$$\overline{x} = \frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i} = \frac{1860.0}{30} = 62$$

درمیانہ معلوم کرنے کے اس نئے طریقہ کو راست طریقہ کہتے ہیں درمیانہ معلوم کرنے کا ہم نے یہ مشاہدہ کیا جدول 14.1 اور 14.3 میں ایک ہی اعداد وشمار کو استعمال کیا گیا اور درمیانہ معلوم کرنے کا ایک ہی فارمولہ لگایا گیا لیکن نتیجہ مختلف آیا۔ کیا آپ سوچ سکتے ہیں کہ ایسا کیوں ہوا، اور ان میں سے کون سا طریقہ زیادہ صحیح ہے؟ دو قدروں میں یہ فرق جدول 14.2 میں لئے گئے وسطی کی وجہ سے ہے، 59.3 صحیح درمیانہ ہے جب کہ 2 تقریبی۔

کبھی جب $x_i$ اور $f_i$ کے عددی قدر بہت بڑی ہوتی ہے تب $x_i$ اور $f_i$ کا حاصل ضرب معلوم کرنا کافی مشکل اور پیچیدہ ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت حال کے لئے کوئی ایسا طریقہ سوچئے جس سے تحسیبات میں کافی آسانی ہوجائے۔ $f_i^{-1}$ کے ساتھ کچھ بھی نہیں کر سکتے لیکن ہم $x_i$ کو ایک چھوٹے عدد میں بدل سکتے ہیں۔

تاکہ تحسیبات مختصر اور آسان ہوجائیں۔ آپ ایسا کیسے کریں۔ ایک متعین عدد کو $x_i$ میں سے گھٹانے کے بارے میں آپ کا خیال ہے۔ آیئے اس طریقہ کو استعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

سب سے پہلا قدم یہ ہے کہ $x_i$, s میں ایک درمیانہ فرض کیجئے اور اس کو '$a$' سے ظاہر کیجئے۔ اپنے تحسیبات کو مزید آسان بنانے کے لئے ہم وہ فرض کرتے ہیں جو $x_1, x_2, \ldots, x_n$ کے وسط میں ہے اس لئے ہم $a$=47.5 یا $a$=62.5 چن سکتے ہیں،

آیئے $a = 47.5$ چنیے

سے انحراف یعنی $d_i = x_i - a = xi - 47.5$

© NCERT not to be republished

بہتر اقدام $f_i$ اور $d_i$ کا حاصل ضرب معلوم کرنا ہے اور تمام $f_i d_i$ کا حاصل جمع معلوم کرنے سے یہ تحسیب مندرجہ ذیل جدول 14.4 میں دکھائی گئی ہے۔

جدول 14.4

| کلاس وقفہ | طلبا کی تعداد $(f_i)$ | کلاس مارکس $(x_i)$ | $f_i = d_i - 47.5$ | $f_i d_i$ |
|---|---|---|---|---|
| 10-25 | 2 | 17.5 | –30 | –60 |
| 25-40 | 7 | 32.5 | –15 | –45 |
| 40-55 | 7 | 47.5 | 0 | 0 |
| 55-70 | 6 | 62.5 | 15 | 90 |
| 70-85 | 6 | 77.5 | 30 | 180 |
| 85-100 | 6 | 92.5 | 45 | 270 |
| کل | $\Sigma f_i = 30$ | | | $\Sigma f_i d_i = 435$ |

© NCERT not to be republished

اس لئے جدول 14.4 سے انحرافوں کا درمیانہ $\overline{x} = \dfrac{\Sigma f_i d_i}{\Sigma f_i}$

اب $\overline{d}$ اور $\overline{x}$ کے درمیان تعلق کو معلوم کیجیے۔

کیونکہ $d_i$ حاصل کرنے کے لئے ہم، (a) کو ہر ایک $x$ کو گھٹانے اس لئے درمیانہ $\overline{x}$ حاصل کرنے کے لئے ہمیں $\overline{d}$ میں $a$ کو جمع کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کو ریاضیاتی طور پر ہم لکھتے ہیں۔

انحراف کا درمیانہ $\overline{d} = \dfrac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i}$

اس لئے $\overline{d} = \dfrac{\Sigma f_i (x_i - a)}{\Sigma f_i}$

$$= \frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i} - \frac{\Sigma f_i a}{\Sigma f_i}$$

$$= \overline{x} - a\frac{\Sigma f_i}{\Sigma f_i}$$

اس لئے $= \overline{x} - a$

$$\overline{x} = a + \overline{d}$$

یعنی $\bar{x} = a + \frac{\Sigma f_i d_i}{\Sigma f_i}$

$a$ $\Sigma f_i d_i$ اور $\Sigma f_i$ کی قدریں رکھنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\bar{x} = 47.5 + \frac{435}{30} = 47.5 + 14.5 = 62$$

اس لئے حاصل کردہ نمبروں کا درمیانہ 62 ہے۔

اوپر جس طریقہ پر بحث کی گئی ہے اسے فرض کئے گئے درمیانہ کا طریقہ

**سرگرمی 1:** جدول 14.3 سے $x_i$ (یعنی 17.5, 32.5 اور اسی طرح آگے بھی) کو $a$ کے طور پر لے کر درمیانہ معلوم کیجیے آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ ہر ایک حالت میں نکالا گیا درمیانہ ایک ہی ہے یعنی 62۔ (کیوں)

اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ درمیانہ کی قدر $a$ کے انتخاب پر منحصر نہیں ہے۔

جدول 14.4 میں مشاہدہ کیجیے کالم کی تمام قدریں 15 کے اضعاف ہیں۔ اس لئے اگر کالم کے تمام قدروں کو ہم 15 سے تقسیم کریں تو ہمیں بہت سے چھوٹے عدد ملیں گے جن کو $f_i$ سے ضرب کرنا ہوگا۔

(یہاں 15 ہر ایک کلاس کا سائز ہے)

اس لئے مان لیجیے $u_i = \frac{x_i - a}{h}$، جہاں فرض کیا گیا درمیانہ $a$ اور $h$ کلاس کا سائز ہے۔ اب ہم اس طرح سے معلوم کریں اور $\Sigma f_i u_i$ پھر) $h$=15 لے کر۔ آیئے جدول 14.5 بناتے ہیں۔

جدول 14.5

| کلاس وقفہ | $f_i$ | $x_i$ | $d_i = x_i - a$ | $u_i = \frac{x_i - a}{h}$ | $f_i u_i$ |
|---|---|---|---|---|---|
| 10-25 | 2 | 17-5 | –30 | –2 | –4 |
| 25-40 | 3 | 32-5 | –15 | –1 | –3 |
| 40-55 | 7 | 47-5 | 0 | 0 | 0 |
| 55-70 | 6 | 62.5 | 15 | 1 | 6 |
| 70-85 | 6 | 77-5 | 30 | 2 | 12 |
| 85-100 | 6 | 92-5 | 45 | 3 | 18 |
| کل | $\Sigma f_i = 30$ | | | | $\Sigma f_i u_i = 29$ |

مان لیجیے $\bar{u} = \frac{\Sigma f_i u_i}{\Sigma f_i}$

© NCERT not to be republished

یہاں، دوبارہ، آیئے $\overline{x}$ اور $\overline{u}$ کے درمیان تعلق معلوم کرتے ہیں۔

ہمارے پاس ہے

$$\overline{u} = \frac{\Sigma f_i \frac{(x_i - a)}{h}}{\Sigma f_i} = \frac{1}{h}\left[\frac{\Sigma f_i x_i - a\Sigma f_i}{\Sigma f_i}\right]$$

$$= \frac{1}{h}\left[\frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i} - a\frac{\Sigma f_i}{\Sigma f_i}\right]$$

$$= \frac{1}{h}[\overline{x} - a]$$

اس لئے $h\overline{u} = \overline{x} - a \quad \overline{x} = a + h\overline{u}$

یعنی $\overline{x} = a + h\overline{x} \quad a + h\left(\frac{\Sigma f_i u_i}{\Sigma f_i}\right)$

اب جدول 14.5 سے قدریں $a$، $h$، اور $\Sigma f_i u_i$ ، $\Sigma f_i$ رکھنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\overline{x} = 47.5 + 15 \times \left(\frac{29}{30}\right)$$

$$= 47.5 + 14.5 = 62$$

اس طرح سے طالب علم کے ذریعے حاصل کردہ نمبروں کا درمیانہ 62 ہے

اوپر بحث کیا گیا طریقہ حرکت انحراف طریقہ کہلاتا ہے

ہم نوٹ کرتے ہیں کہ

- حرکت انحراف استعمال کرنے میں آسان ہوگا اگر $d_i$ میں کوئی مشترک جزو ضربی ہوں
- تینوں طریقوں سے نکالا گیا درمیانہ ایک ہی ہے
- فرض کیا گیا درمیانہ اور حرکت انحراف طریقہ، راست طریقہ کی مختصر شکل ہے۔
- فارمولہ $\overline{x} = a + h$ پھر بھی صحیح ہے اور استعمال ہوگا اگر $a$ اور $h$ ایسے دئے ہوئے نہیں ہوں جیسے اوپر دئے گئے ہیں لیکن کوئی غیر صفر اعداد ہوں جبکہ $x_i = \frac{x_i - a}{h}$

آیئے ان طریقوں کو دوسری مثالوں میں حل کرتے ہیں

© NCERT not to be republished

**مثال 2:** نیچے دئے گئے جدول میں ہندوستان کے مختلف صوبوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے دیہاتی علاقوں کے پرائمری اسکول کی خاتون ٹیچر کا فی صد بتاؤ دیا ہوا ہے۔خاتون ٹیچرس کا دریانہ فیصد مذکورہ بالا تینوں طریقوں سے معلوم کیجیے۔

| خاتون ٹیچر کا فی صد | 15-25 | 25-35 | 35-45 | 45-55 | 55-65 | 65-75 | 75-85 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صوبوں/U.T کی تعداد | 6 | 11 | 7 | 4 | 4 | 2 | 1 |

(ذرائع : این سی ای آر ٹی کے ذریعے کئے گئے ساتواں کل ہنداسکولی تعلیم سے متعلق سروے کے مطابق)

**حل:** لیجئے اس لئے پہلے ہر ایک لاس کے کلاس مارکس $x_i$ معلوم کرتے ہیں۔اوران کو کالموں میں رکھتے ہیں (دیکھیے جدول14.6)

**جدول14.6**

| خاتون ٹیچرس کا فی صد | صوبوں کی تعداد | $x_i$ |
|---|---|---|
| 15 - 25 | 6 | 20 |
| 25 - 35 | 11 | 30 |
| 35 - 45 | 7 | 40 |
| 45 - 55 | 4 | 50 |
| 55 - 65 | 4 | 60 |
| 65 - 75 | 2 | 70 |
| 75 - 85 | 1 | 80 |

یہاں ہم $a=50$، $h=10$، لیتے ہیں تب $d_i = x_i - 50$ اور $u_i = \frac{x_i - 50}{10}$

اب ہم $d_i$ اور $u_i$ معلوم کریں گے اوران کو جدول 14.7 میں رکھیں گے



© NCERT not to be republished

**جدول 14.7**

| خاتون ٹیچرس کا فی صد | صوبوں/UT کی تعداد | $x_i$ | $d_i = x_i - 50$ | $u_i = \frac{x_i - 50}{10}$ | $f_i x_i$ | $f_i d_i$ | $f_i u_i$ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 15-25 | 6 | 20 | –30 | –3 | 120 | –180 | –18 |
| 25-35 | 11 | 30 | –20 | –2 | 330 | –220 | –22 |
| 35-45 | 7 | 40 | –10 | –1 | 280 | –70 | –7 |
| 45-55 | 4 | 50 | 0 | 0 | 200 | 0 | 0 |
| 55-65 | 4 | 60 | 10 | 1 | 240 | 40 | 4 |
| 65-75 | 2 | 70 | 20 | 2 | 140 | 40 | 4 |
| 75-85 | 1 | 80 | 30 | 3 | 80 | 30 | 3 |
| کل | 35 | | | | 1390 | –360 | –36 |

© NCERT not to be republished

اوپر دیے گئے جدول سے ہمیں ملتا ہے $\Sigma f_i x_i = 36$، $\Sigma f_i d_i = -360$، $\Sigma f_i = 35$، $\Sigma f_i x_i = 1390$

راست طریقہ کو استعمال کرنے پر $\overline{x} = \frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i} = \frac{1390}{35} = 39.71$

حرکت انحراف طریقہ اپنانے پر $\overline{x} = a + \frac{\Sigma f_i d_i}{\Sigma f_i} = 50 + \frac{(-360)}{35} = 39.71$

اس لئے دیہاتی علاقوں کے پرائمری اسکول کے خاتون ٹیچرس کا فیصد درمیانہ 39.71 ہے۔

**ریمارک:** تینوں طریقوں سے نتیجہ ایک ہی آیا۔اس لئے استعمال کئے گئے طریقہ کے انتخاب $x_i$ اور $f_i$ کی عددی قدروں پر ہوتا ہے اگر $x_i$ اور $f_i$ کافی چھوٹے ہیں تب راست طریقہ کافی مناسب ہے۔اگر $x_i$ اور $f_i$ عددی طور پر کافی بڑے ہیں تب ہم درمیانہ یا حرکت انحراف طریقہ کا استعمال کرتے ہیں۔اگر کلاس کے سائز غیر مساوی ہیں تب بھی ہم حرکت انحراف کا طریقہ استعمال کریں گے اس کے لئے ہم $h$ کو $d_i$ ایک مناسب قاسم کے طور پر لیا ہوگا۔

**مثال 3:** مندرجہ ذیل بٹاؤ ایک دن کی کرکٹ میں بولروں کے ذریعے لئے گئے وکٹوں کی تعداد کو دکھاتا ہے مناسب طریقہ کو

استعمال کر کے وکٹوں کی تعداد کا درمیانہ معلوم کیجیے۔ درمیانہ ہمیں کس بات کا پتہ دیتا ہے۔

| وکٹوں کی تعداد | 20-60 | 60-100 | 100-150 | 150-250 | 25-350 | 350-450 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بولروں کی تعداد | 7 | 5 | 16 | 12 | 2 | 3 |

**حل :** یہاں کلاس کا سائز بدلتا ہے اور $x_i$ بڑے ہیں، اس لئے ہم حرکت انحراف طریقہ کو استعمال کریں گے جس میں $a = 200$ اور $h = 20$ لے کر تب ہمیں جدول 14.8 کے اعداد و شمار ملیں گے۔

**جدول 14.8**

| لی گئی وکٹ کی تعداد | بولروں کی تعداد | $x_i$ | $d_i = x_i - 200$ | $u_i = \frac{d_i}{20}$ | $u_i f$ |
|---|---|---|---|---|---|
| 20-60 | 7 | 40 | –160 | –8 | –56 |
| 60-100 | 5 | 80 | –120 | –6 | –30 |
| 100-150 | 16 | 125 | –75 | –3.75 | –60 |
| 150-250 | 12 | 200 | 0 | 0 | 0 |
| 250-350 | 2 | 300 | 100 | 5 | 10 |
| 350-450 | 3 | 400 | 200 | 10 | 30 |
| کل | **45** | | | | **–106** |

اس لئے $\bar{u} = \frac{-106}{45}$ اس لئے $\bar{x} = 200 + 20\left(\frac{-106}{45}\right) = 200 - 47.11 = 152.89$

اس سے پتہ چلتا ہے کہ اوسطاً 45 بولروں کے ذریعے ایک دن کی کرکٹ میں لی گئی وکٹوں کی تعداد 152.89 ہے۔ اسے ہم دیکھتے ہیں کہ کس طرح ہم اس سیکشن میں پڑھے گئے تصورات کا اچھی طرح استعمال کریں گے۔

**سرگرمی 2:** اپنی کلاس کے طلباء کو 3 گروپوں میں بانٹئے اور ہر ایک گروپ سے مندرجہ ذیل عملی کام کرنے کے لئے کہیں

1۔ آپ کے اسکول کے ذریعے لئے گئے ریاضی کے امتحان میں تمام طلباء کے ذریعے حاصل کئے گئے نمبروں کو جمع کیجیے۔ حاصل اعداد و شمار کا مرتب تعدد بٹاؤ جدول بتائیے۔

2۔ اپنے شہر میں 30 دن کے دوران لئے گئے درجہ حرارت کے ریکارڈ کو جمع کیجئے۔ ان اعداد و شمار کو مرتب تعدد جدول میں

© NCERT not to be republished

دکھائیے۔

3۔ اپنی کلاس کے تمام طلبا کی اونچائی سینٹی میٹر میں ناپیے اور اس اعداد و شمار کا مرتب تعدد بٹاؤ جدول بنائیے۔

جب تینوں گروپ اعداد و شمار کو اکٹھا کریں اور مرتب بٹاؤ جدول بنائیں ان کا اعداد و شمار کا درمیانہ معلوم کریں مناسب طریقے کا استعمال کریں۔

## مشق 14.1

**1**۔ طلباء کے ایک گروپ 2- ماحول سے آگاہی کے پروگرام کے ایک جز کی حیثیت سے ایک سروے کیا۔ جس میں انہوں نے علاقہ کے 20 گھروں میں لگے ہوئے پودوں کی تعداد سے متعلق اعداد و شمار کو اکٹھا کیا، ایک مکان میں لگے پودوں کا درمیان معلوم کیجیے۔

| پودوں کی تعداد | 0-2 | 2-4 | 4-6 | 6-8 | 8-10 | 10-12 | 12-14 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکانوں کی تعداد | 1 | 2 | 1 | 5 | 6 | 2 | 3 |

© NCERT not to be republished

**2**۔ ایک فیکٹری کے 50 ملازموں کو روز ملنے والی اجرت کے مندرجہ ذیل بٹاؤ پر غور کیجیے۔

| روزانہ ملنے والی اجرت (رپیوں میں) | 500-520 | 520-540 | 540-560 | 560-580 | 580-600 |
|---|---|---|---|---|---|
| ملازموں کی تعداد | 12 | 14 | 8 | 6 | 10 |

**3**۔ مندرجہ ذیل بٹاؤ کسی علاقہ کے بچوں کو ملنے والے روزانہ کے جیب خرچ کو دیکھا گیا ہے درمیانہ روزانہ کا خرچ 18 روپے ہے گمشدہ تعدد $f$ معلوم کیجیے۔

| روزانہ جیب خرچ روپیوں میں | 11-13 | 13-15 | 15-17 | 17-19 | 17-19 | 21-23 | 23-25 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچوں کی تعداد | 7 | 6 | 9 | 13 | $f$ | 5 | 4 |

**4**۔ ایک اسپتال میں ایک ڈاکٹر نے 30 عورتوں کی دل کی دھڑکن فی منٹ ریکارڈ کی اور ان کا خلاصہ ذیل کے جدول میں کیا گیا ہے۔ ان عورتوں کی فی منٹ دل کی دھڑکن کا درمیانہ معلوم کیجیے۔

| فی منٹ دل کی دھڑکن | 65-68 | 68-71 | 71-74 | 74-77 | 77-80 | 80-83 | 83-86 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عورتوں کی تعداد | 2 | 4 | 3 | 8 | 7 | 4 | 2 |

**5۔** ایک پھٹکر مارکیٹ میں پھل فروش پیکنگ بوکس میں رکھے ہوئے آموں کے بیچتے ہیں ان بکسوں میں آموں کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔مندرجہ ذیل میں آموں کا بکسوں کی تعداد کے مطابق بٹاؤ دیا ہوا ہے۔

| آموں کی تعداد | 50-52 | 53-55 | 56-58 | 59-61 | 62-64 |
|---|---|---|---|---|---|
| بکسوں کی تعداد | 15 | 110 | 135 | 115 | 25 |

**6۔** مندرجہ ذیل جدول ایک علاقہ کے 25 گھروں کا کھانے پر ہو روزانہ کا خرچ دیکھا گیا ہے۔

| روز خرچ (روپیوں میں) | 100-150 | 150-200 | 200-250 | 250-300 | 300-350 |
|---|---|---|---|---|---|
| گھروں کی تعداد | 4 | 5 | 12 | 2 | 2 |

کھانے پر ہونے والے روزانہ کے خرچ کا درمیانہ معلوم کیجیے،اس کے لئے آپ کوئی بھی مناسب طریقہ استعمال کرسکتے ہیں۔

**7۔** ہوا میں 502 کا ارتکاز (concentration) معلوم کیجیے (P.P.M) ایک شہر کے 30 علاقوں سے اکٹھے کئے گئے اعداد وشمار نیچے دئے گئے ہیں۔

| $SO_2$ کا ارتکاز (in PPm) | تعداد |
|---|---|
| 0.00-0.04 | 4 |
| 0.04-0.08 | 9 |
| 0.08-0.12 | 9 |
| 0.12-0.16 | 2 |
| 0.16-0.18 | 4 |
| 0.18-0.24 | 2 |

ہوا میں $SO_2$ کا درمیانہ ارتکاز معلوم کیجیے۔

**8۔** ایک کلاس ٹیچر کے پاس مندرجہ ذیل 40 طلبا کا پورے سال کا غیر حاضری کا ریکارڈ ہے۔طلبا جتنے دن غیر حاضر رہیں۔ اس کا درمیانہ معلوم کیجیے۔

| 38-40 | 28-38 | 20-28 | 14-20 | 10-14 | 6-10 | 0-6 | دنوں کی تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 4 | 4 | 7 | 10 | 11 | طلباء کی تعداد |

© NCERT not to be republished

**9۔** ذیل میں شہروں کی خواندگی (فی صد میں) کی شرح دی گئی ہے۔خواندگی کی درمیانہ شرح معلوم کیجیے۔

| خواندگی کی شرح (% میں) | 45-55 | 55-65 | 65-75 | 75-85 | 85-95 |
|---|---|---|---|---|---|
| شہروں کی تعداد | 3 | 10 | 11 | 8 | 3 |

## 14.3 مرتب اعداد وشمار کا موڈ

یاد کیجیے آپ نے نویں کلاس میں پڑھا تھا کہ تمام مشاہدات کے درمیان جو مشاہدہ سب سے زیادہ مرتبہ آتا ہے یا جس مشاہدہ کی قدر کا تعدد سب سے زیادہ ہو، موڈ کہلاتا ہے۔مزید ہم نے غیر مرتب اعداد وشمار کا موڈ معلوم کرنے کا طریقہ بھی سیکھا۔ یہاں ہم (مرتب) اعداد وشمار کا موڈ معلوم کرنا سیکھیں گے۔ یہ ممکن ہے کہ ایک سے زیادہ قدروں کا تعدد اعظم ہو۔ایسی صورت حال میں اعداد وشمار (multimodal) کثیر موڈ والے کہلاتے ہیں۔حالانکہ مرتب اعداد وشمار میں بھی کثیر موڈ ہو سکتے ہیں۔لیکن اس سیکشن میں ہم اپنا مطالعہ صرف واحد موڈ تک ہی محدود رکھیں گے۔

آیئے یاد کرتے ہیں کہ ہم نے غیر مرتب اعداد شمار کا موڈ کس طرح معلوم کیا تھا مندرجہ ذیل مثال پر غور کیجیے۔

**مثال 5:** ایک بولر کے ذریعے 10 میچوں میں لئے جانے والے وکٹوں کی تعداد ذیل میں دی گئی۔

2 6 4 5 0 2 1 3 2 3

© NCERT not to be republished

**حل :** آیئے دیئے گئے اعداد وشمار کا تعدد بٹاؤ جدول بناتے ہیں۔

| وکٹوں کی تعداد | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میچوں کی تعداد | 1 | 1 | 3 | 2 | 1 | 1 | 1 |

صاف ظاہر ہے، 2، وکٹوں کی وہ تعداد ہے جو بولر نے سب سے زیادہ لی ہیں (یعنی 3) اس لئے ان اعداد شمار کا موڈ 2 ہے۔

مرتب تعدد بٹاؤ میں یہ ممکن نہیں کہ اب صرف تعدد کو دیکھ کر ہی موڈ میں بانٹ دیں، یہاں ہم پہلے اس کلاس کو تلاش کریں جس کا تعدد سب سے زیادہ ہے، جو موڈل کلاس کہلاتی ہے۔ یہ موڈ اس موڈل کلاس میں کہیں ہوگا اور اس کو ہم مندرجہ ذیل فارمولہ سے معلوم کریں گے۔

$$\text{موڈ} = l + \left(\frac{f_1 - f_0}{2f_1 - f_0 - f_2}\right) \times h$$

جہاں $l$ = موڈل کلاس کی نچلی حد

4 = کلاس وقفہ کا سائز (یہ مانتے ہوئے کہ تمام کلاس وقفوں کے سائز یکساں ہیں)

$f_1$ = موڈل کلاس کا تعد، $f_0$ = موڈل کلاس سے پہلے کا تعدد

$f_2$ = موڈل کلاس کے کا تعدد

اس فارمولہ کے استعمال کی وضاحت کے لیے آیئے مندرجہ ذیل مثالوں پر غور کرتے ہیں

| کنبہ کا سائز | 1-3 | 3-5 | 5-7 | 7-9 | 9-11 |
|---|---|---|---|---|---|
| کنبوں کی تعداد | 7 | 8 | 2 | 2 | 1 |

**حل:** یہاں اعظم تعدد 8 ہے۔ اور اس کی نظیری کلاس 5-3 ہے اس لئے موڈل کلاس 5-3 ہے۔

اب

موڈل کلاس = 5-3 موڈل کلاس کی نچلی $(l)$ = 3 کلاس کا سائز $(h)$ = 2

موڈل کلاس کا تعدد $f_1$ = 8 موڈل کلاس سے پہلے کا تعدد $f_0$ = 7

موڈل کلاس کے بعد کا تعدد = 2

اس لیے اب ان قدروں کو فارمولہ میں رکھتے ہیں

$$\text{موڈ} = l + \left(\frac{f_1 - f_0}{2f_1 - f_0 - f_2}\right) \times h$$

$$= 3 + \left(\frac{8 - 7}{2 \times 8 - 7 - 2}\right) \times 2 = 3 + \frac{2}{7} = 3.286$$

اس طرح سے مذکورہ بالا اعداد و شمار کا موڈ 3.28 ہے۔

**مثال 6:** ریاضی کے ایک امتحان میں 30 طلباء کے ذریعے حاصل کردہ نمبروں کا بٹاؤ مثال 1 کے جدول 14.3 میں دیا گیا ہے۔ اس اعداد و شمار کا موڈ معلوم کیجیے۔ درمیانہ اور موڈ کا موازنہ کریں اور ان کی ترجمانی کریں۔

**حل:** مثال 1 کے جدول 14.3 میں کیونکہ طلباء کی اعظم تعداد (یعنی 7) کے نمبر وقفہ (55–40) میں ہیں۔ اس لیے موڈل کلاس 55–40 اس لئے موڈل کلاس کی نچلی (زیریں) حد = 40

کلاس کا سائز $(h)$ = 15، موڈل کلاس کا تعدد $f_1 = 7$

موڈل کلاس سے پہلے کا تعدد $f_0 = 3$، موڈل کلاس کے بعد کا تعد $f_2 = 6$

© NCERT not to be republished

اب فارمولہ استعمال کرنے پر

$$\text{موڈ} = l + \left(\frac{f_1 - f_0}{2f_1 - f_0 - f_2}\right) \times h$$

ہمیں حاصل ہوتا ہے $\text{موڈ} = 40 + \left(\frac{7-3}{14-6-3}\right) \times 15 = 52$

اس لیے نمبروں کا موڈ 52 ہے۔

اب، مثال 1 سے آپ کو معلوم ہے کہ اس کا درمیانہ 62 ہے، اس طرح سے زیادہ تر طلباء نئے 52 نمبر حاصل کیے اور ایک طالب علم نے اوسطاً 62 نمبر حاصل کیے ہیں۔

## ریمارک:

1۔ مثال 6 میں موڈ درمیانہ سے کم ہے، لیکن کچھ اور سوالوں میں یہ درمیانہ سے زیادہ یا اس کے برابر بھی ہوسکتا ہے۔

2۔ یہ صورت حال کے تقاضے پر منحصر ہے کہ ہم طلبا کے ذریعے حاصل کئے گئے نمبروں کا اوسط معلوم کریں یا زیادہ طلبا کے ذریعے خاص نمبروں کا اوسط معلوم کریں۔ پہلی صورت حال میں درمیان مطلوب ہے جب کہ دوسری صورت حال میں موڈ۔

**سرگرمی 3:** مشغلہ 2 میں آپ نے جو گروپ بنائے تھے اسے انہیں گروپ پر غور کیجئے۔ اور ان کو وہی کام دیجئے جو آپ نے مشغلہ میں دیئے تھے۔ ہر ایک گروپ سے اعداد وشمار کا موڈ معلوم کرنے کے لیے کہیے وہ اس کا موازنہ درمیانہ سے کریں اور دونوں کے مفہوم کی ترجمانی بھی کریں۔

**ریمارک:** غیر مساوی کلاس سائز کے مرتب اعداد کا موڈ بھی آپ معلوم کر سکتے ہیں۔ لیکن ہم اس باب میں اس پر بحث نہیں کر رہے ہیں۔

## مشق 14.2

**1۔** مندرجہ ذیل جدول میں ایک سال کے دوران کی ہسپتال میں داخل ہونے والے مریضوں کی کسی عمریں دی ہوئی ہیں۔

| عمر (سالوں میں) | 5-15 | 15-25 | 25-35 | 35-45 | 45-55 | 55-65 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مریضوں کی تعداد | 6 | 11 | 21 | 23 | 14 | 5 |

اوپر دئے گئے اعداد وشمار کا موڈ اور درمیانہ معلوم کیجیے اور مرکزی رجحان کی دو پیمائشوں کی ترجمان اور موازنہ کیجیے۔

© NCERT not to be republished

2۔ مندرجہ ذیل اعداد وشمار 225 بجلی کے آلات کی زندگی کا وقت ( گھنٹوں میں ) کے سلسلہ میں اطلاعات کو ظاہر کرتے ہیں۔
آلات کا موڈل عمر کی مدت معلوم کیجیے۔

| ( گھنٹوں میں ) زندگی کا وقت | 0-20 | 20-40 | 40-60 | 60-80 | 80-100 | 100-120 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تعداد | 10 | 35 | 52 | 61 | 38 | 29 |

3۔ مندرجہ ذیل اعداد وشمار کا بنا ایک گاؤں کے 200 کنبوں کے گھر کا کل ماہانہ خرچ دیا ہوا ہے کنبوں کا موڈل ماہانہ خرچ معلوم کیجئے اوران کا درمیانہ ماہانہ خرچ بھی معلوم کیجیے۔

| کنبوں کی تعداد | خرچ ( روپیوں میں ) |
|---|---|
| 29 | 1000 - 1500 |
| 40 | 1500 - 2000 |
| 33 | 2000 - 2500 |
| 28 | 2500 - 3000 |
| 30 | 3000 - 3500 |
| 22 | 3500 - 4000 |
| 16 | 4000 - 4500 |
| 7 | 4500 - 500 |

© NCERT not to be republished

4۔ مندرجہ ذیل بٹاؤ ہندوستان کے ہائر سیکنڈری اسکولوں میں صوبوں کے حساب سے استاد طلب علم مثبت دی ہوئی ہے ان اعداد وشمار کا درمیانہ اور موڈ معلوم کیجئے اور دونوں پیائشوں کی ترجمانی کیجیے۔

| صوبوں/UT | طلباء کی تعداد فی استاد |
|---|---|
| 3 | 15 - 20 |
| 8 | 20 - 25 |
| 9 | 25 - 30 |
| 10 | 30 - 35 |
| 3 | 35 - 40 |
| 0 | 40 - 45 |
| 0 | 45 - 50 |
| 2 | 50 - 55 |

5. مندرجہ ذیل بٹا ؤ بین الاقوامی کرکٹ میچوں میں دنیا کے چوٹی کے بلے بازوں کے ذریعے اسکور کئے گئے رنوں کی تعداد کو دکھایا ان اعداد وشمار کا موڈ معلوم کیجیے۔

| بلے بازوں کی تعداد | اسکور کئے گئے رن |
|---|---|
| 4 | 3000 - 4000 |
| 18 | 4000 - 5000 |
| 9 | 5000 - 6000 |
| 7 | 6000 - 7000 |
| 6 | 7000 - 8000 |
| 3 | 8000 - 9000 |
| 1 | 9000 - 10000 |
| 1 | 10000 - 11000 |

6۔ 3 منٹ کے 100 وقفوں میں ایک طالب علم نے سڑک کے کسی ایک مقام پر گذرنے والی کاروں کی تعداد کو نوٹ کیا اور اس کا خلاصہ مندرجہ ذیل جدول میں کیا، ان اعداد وشمار کا موڈ معلوم کیجیے۔

| کاروں کی تعداد | 0 - 10 | 10 - 20 | 20 - 30 | 30 - 40 | 40 - 50 | 50 - 60 | 60 - 70 | 70 - 80 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد | 7 | 14 | 13 | 12 | 20 | 11 | 15 | 8 |

© NCERT not to be republished

## 14.4 مرتب اعداد وشمار کا وسطانیہ

جیسا کہ آپ نویں کلاس میں پڑھ چکے ہیں کہ وسطانیہ مرکزی رجحان کی وہ پیمائش ہے۔ جو اس کی اعداد وشمار میں موجود مشاہدات، بیچ کے مشاہدہ کو ظاہر کرتا ہے۔ یاد کیجیۓ غیر مرتب اعداد وشمار کا مطالعہ معلوم کرنے کے لئے پہلے ہم مشاہدات کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں رکھتے ہیں۔ اور پھر اگر $n$ طاق ہوتا ہے۔تو $\left(\frac{n+1}{2}\right)$th مشاہدات درمیانہ اور اگر $n$ جفت ہو تو $\left(\frac{n}{2}+1\right)$th مشاہدہ کا اوسط 100 طالب علموں کے ایک مثبت میں 50 میں حاصل کئے گئے نمبر دکھائے گئے ہیں۔

| حاصل کردہ نمبر | 20 | 29 | 28 | 33 | 42 | 38 | 43 | 25 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلبا کی تعداد | 6 | 28 | 24 | 15 | 2 | 4 | 1 | 20 |

پہلے ہم نمبروں بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھتے ہیں اور مندرجہ ذیل تعددی جدول بناتے ہیں۔

جدول 14.9

| طلبا کی تعداد | اصل کردہ نمبر |
|---|---|
| 20 | 6 |
| 25 | 20 |
| 28 | 24 |
| 29 | 28 |
| 33 | 15 |
| 38 | 4 |
| 42 | 2 |
| 43 | 1 |
| کل | 100 |

یہاں $x = 100$ جو جفت ہے، اس لئے وسطانیہ $\left(\frac{n}{2}\right)th$ اور $\left(\frac{n}{2}+1\right)$ th مشاہدہ کا اوسط ہوگا بھی $50^{th}$ ویں اور $51^{th}$ ویں اور مشاہدہ ان مشاہدوں کو معلوم کرنے کے لئے ہم مندرجہ ذیل طریقوں سے آگے بڑھتے ہیں۔

جدول 14.10

| حاصل کردہ اعداد | طلبا کی تعداد |
|---|---|
| 20 | 6 |
| 25 تک | 6 + 20 = 26 |
| 28 تک | 26 + 24 = 50 |
| 29 تک | 50 + 28 = 78 |
| 33 تک | 78 + 15 = 93 |
| 38 تک | 93 + 4 = 97 |
| 42 تک | 97 + 2 = 99 |
| 43 تک | 99 + 1 = 100 |

اب اس اطلاع کو تعدد جدول میں دکھانے کے لئے ہم ایک اور کالم اس میں جوڑتے ہیں جسے مجموعی تعدد کالم کہتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

**جدول 14.11**

| حاصل کردہ نمبر | طلباء کی تعداد | مجموعی تعدد |
|---|---|---|
| 20 | 6 | 6 |
| 25 | 20 | 26 |
| 28 | 24 | 50 |
| 29 | 28 | 78 |
| 33 | 15 | 93 |
| 38 | 4 | 97 |
| 42 | 2 | 99 |
| 43 | 1 | 100 |

جدول سے ہم دیکھتے ہیں کہ 50th مشاہدہ 28 (کیوں؟) 51st مشاہدہ 29 ہے۔

اس لئے وسطانیہ $= \frac{28 + 29}{2} = 28.5$

**ریمارک:** جدول 14.11 کا حصہ جس میں کالم 1 اور 3 ہیں۔ مجموعی تعدد جدول کہلاتا ہے۔ نمبروں کا وسطانیہ 28.5 سے پتہ چلتا ہے کہ 50% طلبا کے نمبر 28.5 سے کم اور 50% طلبا کے نمبر 28.5 سے زیادہ ہیں۔

آیئے اب دیکھتے ہیں کہ مرتب اعداد وشمار کا وسطانیہ کیسے معلوم کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے ہم مندرجہ ذیل صورت حال پر غور کرتے ہیں۔

آیئے اب کسی امتحان میں 53 طلبا کے ذریعے 100 نمبروں میں حاصل کردہ نمبروں کے مرتب تعددی بٹاؤ پر غور کرتے ہیں جو ذیل میں دیا ہوا ہے۔

**جدول 14.12**

| طلباء کی تعداد | نمبر |
|---|---|
| 0 - 10 | 5 |
| 10 - 20 | 3 |
| 20 - 30 | 4 |
| 30 - 40 | 3 |
| 40 - 50 | 3 |
| 50 - 60 | 4 |
| 60 - 70 | 7 |
| 70 - 80 | 9 |
| 80 - 90 | 7 |
| 90 - 100 | 8 |

© NCERT not to be republished

اس جدول کو دیکھ کر مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے

کتنے طلبا نے 10 سے کم نمبر حاصل کئے؟ اس کا جواب واضح ہے کہ 5 ہے۔ کتنے طلباء نے 20 نمبروں سے کم نمبر حاصل کئے ان طلبا کی تعداد میں جنھوں نے 20 سے کم نمبر حاصل کئے ہیں وہ طلبا بھی شامل ہیں جنھوں 10-0 کے درمیان حاصل کئے ہیں۔

اور وہ طلبا بھی جنھوں نے 20-10 کے درمیان نمبر حاصل کئے ہیں اس لئے طلباء جنھوں نے 20 سے کم نمبر حاصل کئے ہیں اس کی تعداد ہے 3+5 یعنی 8 اس لئے ہم کہتے ہیں کہ کلاس 20 – 10 کا مجموعی تعدد 8 ہے۔

اسی طرح سے ہم دوسری کلاسوں کی مجموعی تعدد بھی معلوم کر سکتے ہیں یعنی ان طلبا کی تعداد جن کے نمبر 30 سے کم 40 سے کم 100 سے کم۔ ہم ان کو جدول 14.13 میں دیکھیں گے۔

**جدول 14.13**

| حاصل کردہ نمبر | طلباء کی تعداد |
|---|---|
| 10 سے کم | 5 |
| 20 سے کم | 5 + 3 = 8 |
| 30 سے کم | 8 + 4 = 12 |
| 40 سے کم | 12 + 3 = 15 |
| 50 سے کم | 15 + 3 = 18 |
| 60 سے کم | 18 + 4 = 22 |
| 70 سے کم | 22 + 7 = 29 |
| 80 سے کم | 29 + 9 = 38 |
| 90 سے کم | 38 + 7 = 45 |
| 100 سے کم | 45 + 8 = 53 |

© NCERT not to be republished

مذکورہ بٹاؤ (سے کم) مجموعی تعدد بٹاؤ کہلاتا ہے۔ یہاں 10, 20, 30,...,100 ترتیب وار کلاسوں کی بالائی حدود ہیں۔ ہم اسی طرح سے ان طلباء کی تعداد کا جدول بنا سکتے ہیں جنھوں نے 0 سے زیادہ یا برابر، 10 سے زیادہ یا برابر 20 سے زیادہ یا برابر نمبر حاصل کئے ہوں جدول 14.12 سے مشاہدہ کرتے ہیں کہ تمام 53 طلباء نے 0 سے زیادہ یا برابر نمبر حاصل کئے ہیں۔ کیونکہ ایسے 5 طلباء نے 10 یا 10 سے زیادہ نمبر حاصل کئے ہیں۔ اسی طرح سے جاری رکھتے ہیں ہمیں ان طلباء کی تعداد معلوم ہو جائے گی جنھوں نے 20 یا 20 سے زیادہ نمبر حاصل کئے ہیں یعنی 3 – 48 = 45 طلباء اور 30 سے یا 30 سے زیادہ 4 – 45 = 41 طلباء اور آگے

تک جیسا کہ جدول 14.14 میں دکھایا گیا ہے۔

**جدول 14.14**

| حاصل کردہ نمبر | طلباء کی تعداد (مجموعی تعدد) |
|---|---|
| 0 کے برابر یا زیادہ | 53 |
| 10 کے برابر یا زیادہ | 53 – 5 = 48 |
| 20 کے برابر یا زیادہ | 48 – 3 = 45 |
| 30 کے برابر یا زیادہ | 45 – 4 = 41 |
| 40 کے برابر یا زیادہ | 41 – 3 = 38 |
| 50 کے برابر یا زیادہ | 38 – 3 = 35 |
| 60 کے برابر یا زیادہ | 35 – 4 = 31 |
| 70 کے برابر یا زیادہ | 31 – 7 = 24 |
| 80 کے برابر یا زیادہ | 24 – 9 = 15 |
| 90 کے برابر یا زیادہ | 15 – 7 = 8 |

مندرجہ بالا جدول سے زیادہ قسم کا مجموعی تعدد جدول ہے۔ یہاں 0, 10, 20, ....90 مناظر کلاس وقفوں کے نچلی (زیریں) حد کہلاتی ہے۔ اس لئے مرتب اعداد وشمار کا وسطانیہ معلوم کرنے کے اس میں سے کسی ایک مجموعی تعدد جدول کا استعمال کر سکتے ہیں۔

آیئے جدول 14.12 اور 14.13 جدول کو ملا کر جدول 14.15 جدول حاصل کرتے ہیں جو ذیل میں دی گئی ہے۔

**جدول 14.15**

| مجموعی تعدد (cf) | طلباء کی تعداد (f) | نمبر |
|---|---|---|
| 5 | 5 | 0 - 10 |
| 8 | 3 | 10 - 20 |
| 12 | 4 | 20 - 30 |
| 15 | 3 | 30 - 40 |
| 18 | 3 | 40 - 50 |
| 22 | 4 | 50 - 60 |
| 29 | 7 | 60 - 70 |
| 38 | 9 | 70 - 80 |
| 45 | 7 | 80 - 90 |
| 53 | 8 | 90 - 100 |

© NCERT not to be republished

اب مرتب اعداد وشمار میں، ہم مجموعی تعدد کو دیکھ کر وسطی مشاہدہ نہیں معلوم کر سکتے کیونکہ وسطیٰ قدر کلاس وقفہ میں کہیں ہوگی۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ یہ قدر اس کلاس کے اندر تلاش کی جائے جو تعددی بٹاؤ کو دو نصف میں تقسیم کر دے۔ لیکن یہ کلاس کون سی ہوگی؟

اس کلاس کو معلوم کرنے کے لئے ہم تمام کلاسوں کا مجموعی تعدد معلوم کرتے ہیں اور $\frac{n}{2}$۔

اور پھر ہم وہ کلاس تلاش کرتے ہیں جس کا مجموعی تعدد $\frac{n}{2}$ (اور اسے نزدیک سے بڑا ہو۔)

اس کو وسطانیہ کلاس کہتے ہیں اوپر دیے گئے بٹاؤ میں n=53، اس لئے 26.5= $\frac{n}{2}$ اب

60-70 وہ کلاس ہے جس کا مجموعی تعدد 29 ہے جو $\frac{n}{2}$ سے بڑا (اور نزدیک) ہے یعنی 26.5۔

اس لئے 60-70 وسطانیہ کلاس ہے

وسطانیہ کلاس معلوم کرنے کے بعد ہم وسطانیہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل فارمولہ کا استعمال کرتے ہیں۔

$$\text{وسطانیہ} = l + \left(\frac{\frac{n}{2} - \text{cf}}{f}\right) \times h,$$ جہاں

وسطانیہ کلاس کی نچلی حد = $l$

مشاہدات کی تعداد = $n$

وسطانیہ کلاس کی تعداد = $f$

کلاس سائز (یہ مانتے ہوئے کہ کلاس سائز یکساں ہو) = $h$

$\frac{n}{2} = 26.5$، $l = 60$، c f = 22، f = 7، h = 10 فارمولہ میں رکھنے پر ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$\text{وسطانیہ} = 60 + \left(\frac{26.5 - 22}{7}\right) \times 10$$

$$= 60 + \frac{45}{7} = 66.4$$

اس طرح سے تقریباً آدھے طلباء نے 66.4 سے زیادہ نمبر حاصل کئے۔

**مثال 7:** ایک اسکول کی $x$ کلاس کی 51 طالبات کی اونچائی (سینٹی میٹر میں) سے متعلق سروے کیا اور مندرجہ ذیل اعداد وشمار

© NCERT not to be republished

حاصل کئے گئے۔

| لڑکیوں کی تعداد | اونچائی (cm میں) |
|---|---|
| 4 | 140 سے کم |
| 11 | 145 سے کم |
| 29 | 150 سے کم |
| 40 | 155 سے کم |
| 46 | 160 سے کم |
| 51 | 165 سے کم |

وسطانیہ اونچائی معلوم کیجیے۔

**حل:** وسطانیہ اونچائی معلوم کرنے کے لئے ہمیں کلاس وقفہ اور ان کا نظیری تعدد معلوم کرنے میں دیا ہوا تعددی بٹاؤ کم سے کم کا ہے، 165...، 150، 145، 140 سے، نظیری کلاس وقفوں کی بالائی حدیں ہیں۔اس لئے کلاس 140 سے کم ہے: 160-165 ,...,140-145,140-145 مشاہدہ کیجئے کہ دئے ہوئے بٹاؤ سے ہم پاتے کہ 4 لڑکیاں ایسی ہیں جن کی اونچائی 140 سے کم ہے یعنی 140 سے کم کے کلاس وقفوں کا تعدد 4 ہے۔ 11 لڑکیاں ایسی ہیں جن کی اونچائی 145 سے کم ہے اور 4 ایسی ہیں جن کی 140 سے کم ہے اس لئے ان لڑکیوں کی تعداد اونچائی قفہ 145-140 ہے۔(4-11) یعنی 7 اسی طرح سے 150-145 کا تعدد (11-29) یعنی 18 ہے اور 155-150 کا تعدد (29-40) یعنی 11 ہے اور آگے تک۔اس لئے ہمارا تعددی بٹاؤ جدول مجموعی تعدد کے ساتھ ہوگا۔

**جدول 14.16**

| مجموعی تعدد | تعدد | کلاس وقفہ |
|---|---|---|
| 4 | 4 | 140 سے کم |
| 11 | 7 | 140 - 145 |
| 29 | 18 | 145 - 150 |
| 40 | 11 | 150 - 155 |
| 46 | 6 | 155 - 160 |
| 51 | 5 | 160 - 165 |

© NCERT not to be republished

اب n=51، اس لئے $\frac{n}{2}=\frac{51}{2}=25.5$ 25.5 یہ مشاہدہ (145-150) کے درمیان واقع ہے

تب $l$ (نچلی حد)=145

cf (145-150) سے پہلے کی کلاس کا مجموعی تعدد=11

$f$ (وسطانیہ کلاس 145-150) کا تعدد=18

$h$ (کلاس کا سائز =5

فارمولہ استعمال کرنے پر $\text{وسطانیہ} = l + \left(\frac{\frac{n}{2} - cf}{f}\right) \times h$

$$\text{وسطانیہ} = 145 + \left(\frac{25.5 - 11}{18}\right) \times 5$$

$$= 145 + \frac{72.5}{18} = 149.03$$

اس لئے لڑکیوں کی وسطانیہ اونچائی 149.03 سینٹی میٹر ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ 50% لڑکیوں کی اونچائی اس اونچائی سے کم اور 50% کی اس اونچائی سے زیادہ ہے۔

© NCERT not to be republished

**مثال 8:** مندرجہ ذیل اعداد وشمار کا وسطانیہ 525 ہے، $x$ اور $y$ کی قدر معلوم کیجئے اگر کل تعدد 100 ہے۔

| کلاس وقفہ | تعدد |
|---|---|
| 0-100 | 2 |
| 100-200 | 5 |
| 200-300 | $x$ |
| 300-400 | 12 |
| 400-500 | 17 |
| 500-600 | 20 |
| 600-700 | $y$ |
| 700-800 | 9 |
| 800-900 | 7 |
| 900-1000 | 4 |

حل:

| کلاس کے وقفہ | تعدد | مجموعی تعدد |
|---|---|---|
| 0 - 100 | 2 | 2 |
| 100 - 200 | 5 | 7 |
| 200 - 300 | $x$ | $7 + x$ |
| 300 - 400 | 12 | $19 + x$ |
| 400 - 500 | 17 | $36 + x$ |
| 500 - 600 | 20 | $56 + x$ |
| 600 - 700 | $y$ | $56 + x + y$ |
| 700 - 800 | 9 | $65 + x + y$ |
| 800 - 900 | 7 | $72 + x + y$ |
| 900 - 1000 | 4 | $76 + x + y$ |

یہ دیا ہوا ہے کہ $n = 100$، اس لئے $76 + x + y = 100$ یعنی $x + y = 24$  (1)

وسطانیہ 525 ہے جو 500 - 600 کے درمیان ہے۔ اس لئے $l = 500$، $h = 100$,

فارمولہ کو استعمال کرنے پر $h,\left(\frac{\frac{n}{2} - cf}{f}\right)$ وسطانیہ $= l +$

$$525 = 500 + \left(\frac{50 - 36 - x}{20}\right) \times 100$$

یعنی $525 - 500 = (14 - x) \times 5$

یعنی $25 = 70 - 5x$

یعنی $5x = 70 - 25 = 45$

اس لئے $x = 9$

اس لئے (1) ہمیں ملتا ہے $9 + y = 24$

یعنی $y = 15$

© NCERT not to be republished

اب آپ نے تینوں مرکزی رجحان کے پیائشوں کے بارے میں پڑھ لیا۔ آیئے اب بحث کرتے ہیں کہ کون سی پیائش کسی خاص ضرورت کے لئے سب سے بہتر ہے۔

درمیانہ سب سے زیادہ استعمال ہونے والی مرکزی رجحان کی پیائش ہے کیونکہ اس میں ہم تمام مشاہدات کو شامل کرتے ہیں اور یہ سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے مشاہدہ کے درمیان ہوتا ہے۔ یہ ہمیں دو یا دو سے زیادہ بٹاؤ کا موازنہ کرنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ مثال کے طور پر کسی خاص امتحان میں مختلف اسکولوں میں طلباء کے نتائج کا موازنہ کرنے سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ کس اسکول کی کارکردگی سب سے بہتر ہے۔ جب کہ اعداد وشمار کی انتہائی قدریں (سب سے چھوٹی اور سب سے بڑی) درمیانہ پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر کم یا زیادہ تعدد کی کلاسوں کا درمیانہ اعداد وشمار کی صحیح نمائندگی کرتا ہے۔ لیکن اگر ایک کلاس کا تعدد مان لیجیے 2 ہے اور 5 دوسری کلاسوں کا تعدد 20, 25, 20, 21, 15 تب درمیانہ اعداد وشمار کی صحیح عکاسی نہیں کرے گا۔

ایسے مسئلوں میں جہاں انفرادی مشاہدات کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی اور ہمیں ایک اشارتی مشاہدہ معلوم کرنا ہوتا ہے، ایسی حالت میں وسطانیہ سب سے زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے مثال کے طور پر ملک کے ملازمین کا اوسط اجرات ملازمین کے ذریعے مخصوص پیداوار کی شرح وغیرہ معلوم کرا اجرت وغیرہ۔ یہ ایسی صورت حال ہیں جہاں انتہائی قدریں ہوتی ہیں اس لئے ان حالتوں کے درمیانہ کے بجائے وسطانیہ بہتر مرکزی رجحان کی پیائش ہے۔

ایسی صورتِ حال جس میں بہت ہی اہم چیز ہے یا ایسی چیزیں جن کی تکرار ہوتی ہو، کو معلوم کرنا مقصد ہو اس کے لئے موڈ بہتر پیائش ہے مثال کے طور پر سب سے زیادہ دیکھے جانے والا T. V. کا پروگرام، کوئی ایسی شے جس کی مارکیٹ میں سب سے زیادہ مانگ ہو یا زیادہ تر لوگوں کے ذریعہ استعمال کئے جانے والے رنگ کی گاڑی وغیرہ۔

## ریمارک:

1. مرکزی رجحان کی پیائشوں میں ایک علمی تعلق ہے۔

درمیانہ + موڈ = 3 وسطانیہ

2. مرتب اعداد وشمار کے غیر مساوی کلاس سائزوں کا وسطانیہ بھی معلوم کیا جاسکتا ہے۔ لیکن یہاں ہم اس کے بارے میں نہیں پڑھیں گے۔

© NCERT not to be republished

## مشق 14.3

1۔ مندرجہ ذیل تعددی بٹاؤ ایک علاقہ کے 68 لوگوں کا بجلی کا ماہانہ خرچ دیا ہوا ہے۔ ان اعداد شمار کا درمیانہ، وسطانیہ اور موڈ معلوم کیجیے اور ان کا موازنہ کیجیے گا۔

| ماہانا خرچ | لوگوں کی تعداد |
|---|---|
| 65 - 85 | 4 |
| 85 - 105 | 5 |
| 105 - 125 | 13 |
| 125 - 145 | 20 |
| 145 - 165 | 14 |
| 165 - 185 | 8 |
| 185 - 205 | 4 |

© NCERT not to be republished

2۔ اگر مندرجہ ذیل بٹاؤ کا وسطانیہ 28.5 ہے تو $x$ اور $y$ کی قدریں معلوم کیجیے۔

| کلاس وقفہ | تعدد |
|---|---|
| 0-10 | 5 |
| 10-20 | $x$ |
| 20-30 | 20 |
| 30-40 | 15 |
| 40-50 | $y$ |
| 50-60 | 5 |
| کل | 60 |

3۔ ایک LIC ایجنٹ نے 100 پالیسی رکھنے والے لوگوں کی عمروں کے بٹاؤ کے اعداد و شمار مندرجہ ذیل دیے ہیں۔ وسطانیہ عمر معلوم کیجیے جب کہ پالیسی صرف ان لوگوں کو دی جاتی ہے جن کی عمر 18 سال سے 60 سال کے درمیان ہو۔

| پولیسی رکھنے والوں کی تعداد | عمر (سالوں میں) |
|---|---|
| 2 | 20 سے کم |
| 6 | 25 سے کم |
| 24 | 30 سے کم |
| 45 | 35 سے کم |
| 78 | 40 سے کم |
| 89 | 45 سے کم |
| 92 | 50 سے کم |
| 98 | 55 سے کم |
| 100 | 60 سے کم |

**4۔** ایک پودے کی 40 پتیوں کی لمبائیاں نزدیکی ملی میٹر تک پیائش کی گئیں ہیں اور حاصل کردہ اعداد وشمار کو مندرجہ ذیل جدول میں دکھایا گیا ہے۔

| پتیوں کی تعداد | لمبائی (ملی میٹر میں) |
|---|---|
| 3 | 118-126 |
| 5 | 127-135 |
| 9 | 136-144 |
| 12 | 145-153 |
| 5 | 154-162 |
| 4 | 163-172 |
| 2 | 172-180 |

پتیوں کی وسطانیہ لمبائی معلوم کیجیے (اشارہ: وسطانیہ معلوم کرنے کے لئے اعداد وشمار کو مسلسل کلاسوں میں تبدیل کیجیے۔ کیونکہ فارمولہ مسلسل کلاسوں کے لئے۔ کلاس میں اس طرح سے بدل کر ہو جائیں گے۔ 117.5 - 126.5, 126.5 - 135.5, . . ., 171.5 - 180.5۔

© NCERT not to be republished

5۔ مندرجہ ذیل بٹاؤ جدول 400 نیان لیمپوں کے عمر کی مدت کار (زندگی کا وقت) کو دکھاتا ہے۔ لیمپ کی وسطانیہ عمر کی مدت کار معلوم کیجیے۔

| لیمپوں کی تعداد | Lifetiem (گھنٹوں میں) |
|---|---|
| 14 | 1500 - 2000 |
| 56 | 2000 - 2500 |
| 60 | 2500 - 3000 |
| 86 | 3000 - 3500 |
| 74 | 3500 - 4000 |
| 62 | 4000 - 4500 |
| 48 | 4500 - 5000 |

6۔ ایک ٹیلیفون مقامی ڈائریکٹری 100 سر خاندانی چنے گئے۔ ہر سرنیم میں موجود انگریزی کے حروف کی تعداد کا تعددی بٹاؤ ذیل میں دیا گیا ہے۔

| حروف کی تعداد | 1-4 | 4-7 | 7-10 | 10-13 | 13-16 | 16-19 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (Surname) کی تعداد | 6 | 30 | 40 | 16 | 4 | 4 |

خاندانی کے حروف کا وسطانیہ معلوم کیجیے، سرنیم کے حروف کی تعداد کا درمیانہ بھی معلوم کیجئے؟ سرنیم کا موڈل سائز بھی معلوم کیجئے۔

7۔ مندرجہ مندرجہ بٹاؤ ایک کلاس کے ایک 30 طلباء کے اوزان کا دکھاتا ہے، طلباء کا وسطانیہ وزن معلوم کیجیے۔

| وزن (کلوگرام) | 40-45 | 45-50 | 50-55 | 55-60 | 60-65 | 65-70 | 70-75 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی تعداد | 2 | 3 | 8 | 6 | 6 | 3 | 2 |

## 14.5 مجموعی تعدد کا گرافی اظہار


جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ تصویریں الفاظ سے زیادہ اور بہتر بولتی ہیں۔ گرافی اظہار ہمیں کسی بھی اعداد و شمار کو سمجھنے میں مدد

© NCERT not to be republished

کرتا ہے۔نویں کلاس میں ہم نے اعداد وشمار کو بار گراف، ہسٹوگرام اور تعدد کثیر ضلعی سے ظاہر کیا۔ آیئے اب مجموعی تعدد بٹاؤ کو گراف کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں۔


مثال کے طور پر جدول 14.17 میں دئے گئے مجموعی بٹاؤ پر غور کرتے ہیں۔

یاد کیجئے کہ قدریں 10, 20, 30, ...100 مناظر کلاسوں کی ترتیب وار بالائی حدود ہیں۔ اس اعداد وشمار کو گرافی طور پر ظاہر کرنے کے لئے ہم کلاس وقفوں کی بالائی حدود کو افقی محور ($x$-محور) پر نشان زد کرتے ہیں اور ان کی نظیری مجموعی تعدد کو انتخابی محوروں پر ضروری نہیں کہ یکساں ہو۔ آیئے اب نظیری مرتب جوڑوں کی (بالائی حد اور نظیری عمومی تعدد) کو پلاٹ کیجئے یعنی (10, 5), (20, 8), (30, 12), (40, 15), (50, 18), (60, 22), (70, 29), (80, 38), (90, 45), (100, 53) کو، گراف پیپر پر پلاٹ کیجئے اور اس free hand منحنی سے ملا دیجیے۔ اس طرح سے ملی منحنی مجموعی تعدد منحنی یا اوجیو (سے کم قسم کی،) شکل 14.1 دیکھیے۔




شکل 14.1

لفظ اوجیو لفظ اوجی Ogee سے اخذ کیا گیا ہے، اوجی ایک ایسا Shape ہے جس ایک مقعر (concave) قوس ایک محدب (Convex) قوس میں بہتا ہوا محسوس ہوتا اس طرح سے S کی شکل کی ایک منحنی بنتی ہے جن کے سرے انتصابی ہوتے ہیں، آرکیٹیکچر میں اوجی Shape 14 ویں اور 15 ویں صدی کے Gothic Styles کی خصوصیات میں سے ایک ہے۔





شکل 14.2

آگے ہم دوبارہ جدول 14.14 میں دئے گئے مجموعی تعدد کی بٹاؤ پر غور کرتے ہیں اور ایک اوجیو (سے زیادہ قسم کا) بناتے ہیں۔

یاد کیجئے کہ یہاں 0, 10, 20, ...90 نظیری کلاس وقفوں 0-10, 10-20, ...90-100 کی نچلی حدیں ہیں، سے زیادہ قسم کو گرافی طور پر ظاہر کرنے کے لئے ہم ذیلی


© NCERT not to be republished

(نچلی) حد کو x- محور پر اور نظیری مجموعی تعدد کو y- محور پر لیتے ہیں اور پھر ہم نقاط (نچلی حد، اور اس کی نظیری مجموعی تعدد) یعنی (10, 35)، (10,48)، (20-45)، (30,41)، (40,38)، (50,35)، (60,31)، (70,24)، (80,15)، (90,8) کو گراف پیپر پر پلاٹ کرتے ہیں اور پھر اس کو free hand منحنی سے جوڑ دیتے ہیں۔ اس طرح سے حاصل منحنی مجموعی تعددی منحنی یا اوجیو کہلاتی ہے (سے زیادہ قسم کی) شکل 14.2 دیکھیے۔




شکل 14.3

**ریمارک:** نوٹ کیجیے کہ دونوں اوجیو (شکل 14.1 اور شکل 14.2 میں) ایک ہی اعداد وشمار سے متعلق ہیں اب کیا اوجیو کسی طرح سے وسطانیہ سے متعلق ہیں؟ کیا ان دو مجموعی تعددی منحنی جو جدول 4.12 کے اعداد وشمار کے نظیری ہیں، سے وسطانیہ حاصل کرنا ممکن ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں۔ ایک واضح طریقہ ہے کہ y- محور پر $\frac{n}{2}=\frac{53}{2}=26.5$ کو locate کیجیے۔ اس نقطہ سے x- محور کے متوازی خط کھینچیے۔ جو منحنی کو ایک نقطہ پر قطعی کرے۔ اس نقطہ سے x- محور پر ایک عمود ڈالئے۔ عمود x- محور کا نقطہ تقاطع اعداد وشمار کا وسطانیہ ہوتا ہے شکل 14.3 دیکھئے ایک دوسرے طریقہ سے وسطانیہ حاصل کرنے کا عمل مندرجہ ذیل ہے۔




شکل 14.4

دونوں اوجیو (یعنی سے کم قسم کا اور سے زیادہ قسم کا) کو ایک ہی محور پر بنائیے دونوں اوجیو ایک دوسرے کو ایک نقطہ پر قطع کریں گے۔ اگر اس نقطہ سے ہم x- محور پر عمود دیکھیں، تو وہ نقطہ جہاں یہ x- محور کو قطع کر سکے گیا، وسطانیہ ہوگا۔ (شکل 14.4 دیکھیے۔


**مثال 9:** ایک علاقہ کے ایک Shopping Complex کی 30 دکانوں کا سالانہ منافع مندرجہ ذیل بٹاؤ میں دکھایا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

| منافع (لاکھوں روپیوں میں) | دکانوں کی تعداد (تعدد) |
|---|---|
| 5 سے زیادہ یا برابر | 30 |
| 10 سے زیادہ یا برابر | 28 |
| 15 سے زیادہ یا برابر | 16 |
| 20 سے زیادہ یا برابر | 14 |
| 25 سے زیادہ یا برابر | 10 |
| 30 سے زیادہ یا برابر | 7 |
| 35 سے زیادہ یا برابر | 3 |

ان اعداد و شمار کا اوجیو بنائیے، اور پھر وسطانیہ منافع معلوم کیجیے۔

**حل:** سب سے پہلے ہم مختص محور بناتے ہیں اور منافع کی نچلی حد کو افقی محور پر اور عمودی تعدد کی انتصابی محور کے ہمراہ لیتے ہیں اور پھر ہم نقاط (5,30)، (10,28)، (15,16)، (20,14)، (25,10)، (30,7)، اور (35,3) کو پلاٹ کرتے ہیں۔ ہم ان نقاط کو ایک سطح منحنی سے ملائیں۔ جس سے زیادہ قسم کا اوجیو ملے گا جو شکل 14.5 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل 14.5


آیئے اب اوپر دئے گئے جدول سے کلاسیں اور ان کے تعدد لیتے ہیں۔

| کلاس | 5 - 10 | 10 - 15 | 15 - 20 | 20 - 25 | 25 - 30 | 30 - 35 | 35 - 40 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوکانوں کی تعداد | 2 | 12 | 2 | 4 | 3 | 4 | 3 |
| مجموعی تعدد | 2 | 14 | 16 | 20 | 23 | 27 | 30 |

ان قدروں کا استعمال کرتے ہوئے ہم نقاط (10,2)، (5,14)، (20,16)، (25,20)، (30,23)، (35,27) اور (40,30) کو انہیں محوروں پر پلاٹ کرتے ہیں جیسے کہ شکل 14.5 میں دکھایا گیا ہے۔ جس سے ہمیں کم قسم کا اوجیو ملے گا جیسا کہ

شکل 14.4 میں دکھا گیا ہے۔
ان کے نقطہ نقاطع کو طولی مختص (abcissa) تقریباً 17.5 ہے جو وسطانیہ ہے۔ اس کی تصدیق فارمولہ کو استعمال کر کے کر سکتے ہیں، اس طرح سے منافع کا وسطانیہ (لاکھوں میں) 17.5 ہے۔

**ریمارک:** مذکورہ بالا مثال میں یہ بات نوٹ کرنے کی ہے کہ کلاس میں وقفہ مسلسل ہیں۔ اوجیو بنانے کے لئے یہ بات یقینی ہونی چاہئے کہ کلاس وقفہ مسلسل ہوں (نویں جماعت میں ہسٹو گرام کی تشکیل دیکھیے)۔




شکل 14.6

## مشق 14.4

**1۔** مندرجہ ذیل بٹاؤ ایک فیکٹری کے 50 ملازموں کی روزانہ آمدنی کو دکھاتا ہے۔

| روزانہ آمدنی (روپیوں میں) | 100-120 | 120-140 | 140-160 | 160-180 | 180-200 |
|---|---|---|---|---|---|
| ملازموں کی تعداد | 12 | 14 | 8 | 6 | 10 |

مذکورہ بالا بٹاؤ کو، سے کم قسم کے مجموعی تعدد بٹاؤ میں بدل لئے اور اوجیو بنائیے۔

**2۔** ایک کلاس 35 طلباء کے میڈیکل جانچ کے دوران ریکارڈ کئے گئے ان کے وزن مندرجہ ذیل ہیں۔

| طلباء کی تعداد | وزن کلوگرام میں |
|---|---|
| 0 | 38 سے کم |
| 3 | 40 سے کم |
| 5 | 42 سے کم |
| 9 | 44 سے کم |
| 14 | 46 سے کم |
| 28 | 48 سے کم |
| 32 | 50 سے کم |
| 35 | 52 سے کم |

© NCERT not to be republished

3۔ مندرجہ ذیل جدول میں ایک دیہات کے 100 کھیتوں میں گیہوں کی فی ہیکٹیئر پیداوار کو دکھایا گیا ہے۔

| پیداوار اور کلوگرام فی ہیکٹیئر | 50-55 | 55-60 | 60-55 | 65-70 | 70-75 | 75-80 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کھیتوں کی تعداد | 2 | 8 | 12 | 24 | 38 | 16 |

اس بٹاؤ کو، سے زیادہ قسم کے بٹاؤ میں تبدیل کیجیے اور اس کا اوجیو بنائیے۔

## 14.6 خلاصہ

اس باب میں آپ نے مندرجہ ذیل باتیں سیکھیں۔

1۔ مرتب اعداد و شمار کا درمیانہ معلوم کیا جا سکتا ہے

(i) راست طریقہ $\bar{x} = \frac{\Sigma f_i x_i}{\Sigma f_i}$

(ii) assumed mean کا طریقہ $\bar{x} = a + \frac{\Sigma f_i d_i}{\Sigma f_i}$

(iii) step deviation کا طریقہ $\bar{x} = a + \left(\frac{\Sigma f_i u_i}{\Sigma f_i}\right) \times h$

اس مفروضہ کے ساتھ کہ کسی کلاس کا تعدد اس کے وسطی نقطہ کے گرد مرکوز ہے۔ جو کلاس مارک کہلاتا ہے۔

2۔ مرتب اعداد و شمار کا موڈ مندرجہ ذیل فارمولہ کو استعمال کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

$$\text{موڈ} = l + \left(\frac{f_1 - f_0}{2f_1 - f_0 - f_2}\right) \times h$$

جہاں علامتیں، عام مفہوم میں ہیں

3۔ کسی کلاس کا مجموعی تعدد وہ تعدد ہے جو تمام کلاسوں کے تعدد کو ان کے پچھلے تعدد میں جمع کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

4۔ مرتب اعداد و شمار کا وسطانیہ مندرجہ ذیل فارمولہ استعمال کر کے معلوم کیا جاتا ہے۔

$$\text{وسطانیہ} = l + \left(\frac{\frac{n}{2} - \text{cf}}{f}\right) \times h$$

جہاں علامتیں عام مفہوم میں ہیں

5۔ مجموعی تعدد بٹاؤ کو گرافی طور پر مجموعی تعدد منحنی یا کم قسم سے زیادہ قسم کے اوجیو سے ظاہر کرنا۔

6۔ مرتب اعداد و شمار کے وسطانیہ کو گرافی طور پر اس اعداد و شمار کے دو اوجیو کے نقطہ تقاطع کے $x$۔ مختص کے طور پر حاصل کیا جا سکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## قارئین کے لئے نوٹ

مرتب اعداد وشمار کا وسطانیہ اور موڈ معلوم کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ فارمولہ استعمال کرنے سے پہلے یہ یقینی کرلیا جائے کہ کلاس وقفہ مسلسل ہوں۔ یہی شرط اوجیو بنانے کے لئے بھی ضروری ہے۔ مزید اوجیو کے سلسلہ میں دونوں محوروں کا پیمانہ یکساں ہونا ضروری نہیں ہے۔

© NCERT not to be republished